ہے کہ اوسپر کفارہ نہین کیونکہ اوسکو حدیث پر چلنا فرض ہے اور بحر رائق مین ہے کہ اگر اوسنے کسی عالم سے نہ پوچھا پر حدیث اوسکو پہنچی افطر الحاجم والمحجوم یا الغیبۃ تفطر الصائم اور نہین جانتا کہ منسوخ ہی اور نہ اوسکے پھیر بچار تو اوسپر کفارہ نہین ہمارے ہان کیونکہ حدیث کی ظاہر مطلب پر چلنا فرض ہے یہ عامی کے حق مین ہے اور حمیدی مین ہے کہ عامی عامہ کی نسبت ہی اور عامہ جاہل اور ان پڑہ لوگ مین اور اونہین مین ہے سب علمای اہلسنت وجماعت کا ایکا کہ مجتہد چوکتا ہے اور ٹہیک بہی پہنچتا ہے اور عالمون مین جو اختلاف ہے سب امت محمدی کیلئے رحمت الٰہی ہے اور سچاپن مسئلہ کا چارون اماموہین گہومتا ہے اور سب امام سچا ہی اجتہادی مسائل مین اکیسی مین اور اونہین ہی سے ہی جو فرمایا شیخ نے جسکا چرچا پہیلا ہوا ہے زمین کے کنارو مین بڑے علم اور رتبے اور بڑائی اور آرام کے ساتہہ شاہ ولی اللہ اللہ تعالی اونکی مٹی کو سینچی اور بہشت کو اونکا ٹہکانا بنا دے اپنی رسالہ المقالۃ الوضیتہ فی الوصیتہ والنصیحہ مین کہ پہلی نصیحت میرے مضبوط پکڑے رکہنا قرآن وحدیث کو عقیدون عملنے کی باتون اور برتاوے مین اور سدا دونون کی سوچ بچار مین لگے رہنا اور بلا ناغہ تہوڑا تہوڑا دونون مین سے پڑہتے رہنا اور جو پڑہنے کا زور نہو تو دونون کی کسی ورق کے معانی سننا اور عقیدون رکہنے کی باتون مین سنت وجماعت کا مذہب چہانٹ لینا اور پہلے علمانے جن باتون کی چہیڑ چہاڑ نہین کی اون مسئلون کی بال کی کہال نکالنا اور پوچہہ کچہہ سے منہ موڑنا اور کبہی منطقیون کے شبہون کی طرف ذرہ خیال نہ لگانا اور برتاوے کی مسئلون مین اون محدث عالمون کے پیچہے لگنا جو حدیث وفقہ کو سمیٹے ہون اور ہمیشہ فقہ کے چہوٹے موٹے مسئلونکو قرآن حدیث سے ملانا جو قرآن حدیث کے موافق ہون اونکو مان لینا اور جو مخالف ہون اونکو اوس کہنے والی کی منہ پر مارنا دینداروںکو قیامت تک ہر ایک مسئلہ کو قرآن وحدیث کی نگاہ سے منہ پہیر لینا نہین ہوسکتا اور اون کہٹلے فقیہون کی بات جنہون نے ایک عالم کی پیچہے لگ

بہت کہنا ایسا کہ حدیث کی ٹٹول چھوڑ دی ہے نہ سننا اور اوسکی طرف کان آنکھون سے
نہ دیکھنا اور خدا کی رضامندی اور نزدیکی ڈھونڈھو تو اون سے بھٹکتے رہنا اور اونہین
مین سے ہی جو شاہ ولی اللہ صاحب نے اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغۃ ۱۲۰ صفحہ مین
بے بناوٹ اور گھٹاو بڑھاو کے فرمایا ہے کہ اونہین دین کی باتین بدل ڈالنے مین
سے ایک تقلید ہے کسی امام یا پیر کی جو چوک سے بچا ہوا نہین ہے کیونکہ نبی کا چوک
سے بچا ہونا ثابت ہو چکا ہے اور حقیقت اس تقلید کی یہ ہے کہ امت محمدی مین کوئی
آدمی اپنی سمجھ سے مسئلے بناوے پھر سب کے سب اوسکے پیچھے چلنے والے ایسا جانین
مانین کہ اوس نے ایسی مسئلے لکھ دیا یا اکثر ٹھیک ہی بتائے مین اسلئے وہ مقلد لوگ صحیح
حدیث کو نہین مانتے ہین اور یہ تقلید وہ نہین ہے جسپر مجتہدان اور سلف صالحین
کا اول سے آخر تک اتفاق ہے کیونکہ اونکا اتفاق تو یہی ہے کہ سب مجتہدون کے پیچھے چلین
اونکے ساتھ یہ جانتے رہین کہ سمجھ سے چوک ہوتی ہے اور ٹھیک بھی کہتا ہے اسکے ساتھ
پیغمبر صاحب کی حدیث کی ہر مسئلہ کی تاکمین لگے اور اسکے ساتھ پکا ارادہ بھی ہو کہ
مسئلہ خلاف امام حدیث معلوم ہوئی تو اوسمین تقلید نہین کرتا اور حدیث پر چلون گا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالے نے جو یہود کو فرمایا ہے
کہ اونہون نے اپنے عالمون اور درویشونکو خدا ٹھہرایا ہے سو وہ لوگ عالمون درویشونکو
پوجتے نہین تھے لیکن جس چیز کو وہ حلال بتا دیتے تھی یہ حلال جان لیتے تھے اور جس
چیز کو حرام کر دیتے تھے حرام جانتے تھی اور اونہین مین سے ہی جو ہمارے آقا علم اور پرکھ
کی خوبی والی ہمارے اگوا شاہ عبد العزیز نے اپنی تفسیر مین جو دہلی کے کسی چھاپہ خانہ
مین چھپی ہے ۴۹۶ صفحہ مین فرمایا ہے فاولئک ہم الخاسرون کے تلے اس آیت سے معلوم
ہوا کہ قرآن حدیث سے پتے لگنے کے بعد کسیکی تقلید نہین چاہیے اسلئے کہ جاننے کے بعد
جاہت پر چلنا ہے اور اونہین مین سے ہی جو اونہون نے ۱۵۶ صفحہ مین وما اللہ تعالے فل

عما تعملون کے بیان مین فرمایا ہے جہان فرمایا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ اس جملہ کو اللہ تعالی
نے لوگون کے دہمکانے اور ڈرانے کو فرمایا ہو مطلب یہہ کہ اللہ تعالی بے سدہ نہین
ہے جو باتین تم لگے کروگے اور نئی بات دین مین نکالوگے ایک ایک کعبہ کے طرف کو بانٹ لوگے
اور اپنی اپنی طرف پسند کرو گی کی بڑائی اور بڑہ کے بن مین ہر ایک آدمی باتین بنائیگا
جیسا کہ حنفیہ دکہن کے طرف کو پسند کرلین گے اور اونکا امام اوسی کیطرف کھڑا ہوگا اور
سب اترا اترا کر کہین گے کہ ہمارا حضرت ابراہیم والا قبلہ ہے اسلئے کہ آپ تپنانے کی
طرف منہ کرکے کھڑے ہوتے تھے اور شافعی لوگ پچہم کیطرف بہانٹ لین گے اور اونکا
امام پچہم کی طرف کھڑا ہوگا اور اترا اترا کر باتین چہانٹین گے کہ ہم کعبہ کے دروازہ کیطرف
منہ کرتے ہین اور ہمارے قبلہ کا قرآن مین صاف ذکر آیا ہے کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے
واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی اور اسی ڈہب سے شہرون اور بستیون والی اپنی اپنی
طرفون کی بڑائی مین ایسی باتین نکالینگے لیکن یہہ سب باتین شہرون کی بے بنیاد
ہین اور ہمارون کی نزدیک بیان مین لانے کی لائق نہین اللہ کا اوتارا حکم فقط اتنا
ہے کعبہ کیطرف منہ کرو اور مکان پر اور باہر اور ایک شہر سے دوسرے شہر کو جاو تو اوسکا
انتظام رکہو اور اونہین مین سے ہے جو لوگون نے اپنی تفسیر کے ۱۲۰ صفحہ مین صمٌ بکمٌ
عمیٌ فہم لایعقلون کے بیان مین فرمایا ہے جہان فرمایا ہے کہ اس آیت مین تقلید کی
برائی ہین اور اوسکی دو طرح ہین ایک یہہ مقلد سے پوچہنا چاہئے کہ تو کسکی تقلید
کرتا ہے وہ جسکی تو تقلید کرتا ہے حق ہے یا نہین ہے جو اوسکا حق پر ہونا نہین پہچانتا ہے تو جو
اور ناحق ہونے کے شبہ ہونے پر ہے تو اوسکے پیچہے کیون پڑا ہے اور جو اوس کے حق پر
ہونیکو تو پہچانتا ہے تو بتا کس دلیل سے پہچانتا ہے اگر اور لوگون کے دیکہا دیکہی تو
سے تو وہی بات چل پڑے گی اور اوسمین ایسا اولجہاو پڑے گا کہ سلجہاو ہی نہین
ہوتا اور اگر اپنی عقل سے پہچانتا ہے تو تو اپنی اوس عقل کو مسئلہ حق کے پہچاننے مین

کیون نہین لگاتاہے اور تقلید کے نیچے پن کو اپنے اوپر رچتا بچتا جاتاہے دوسرا طور یہ کہ جسکے تو بھی چلتاہے اگر اوسنے بھی اس مسئلہ کو دیکھا کچھ سمجھا ہے تو تو اور وہ دونو برابر ہوئے او سمین کون خوبی ہے جو تو اوسکی پیچھے لگتاہے اور اگر اوسنے اس مسئلہ کو قرآن حدیث سے جاناہے تو تیری تقلید اوسی جب ہوگی کہ تو بھی اوس مسئلہ کو اوسکی دلیل سے پہچان لی اور جب اوسکی دلیل معلوم ہوئی تقلید کہی گئی گذری ہوئی اور اونہین مین سے ہے جو اونہون نے اپنی تفسیر کے ۵۸۳ صفحہ مین فرمایا ہے جہان فرمایا کہ عالم پر فرض ہے کہ اپنے علم کے موافق چلے اور انپڑھ پر فرض ہے کہ زری اٹکل اور کہا بھالی پر بس نکرے بالیقین عمل کرنیکا ارادہ کرے یعنی علما سے خوب تحقیق کرے کہ اس مسئلہ کا قرآن حدیث و آثار صحابہ مین پتا ہے یا نہین یا آپ علم پڑھے کہ اندھا پا جاتا کہ آنکھین کھل جائین اور اونہین مین سے ہے جو اونہون نے ۲۹۵ صفحہ مین بل ملة ابراہیم حنیفا وما کان من المشرکین کے بیان مین فرمایا سو یہی کہ اونہون نے فرمایا ہے کہ حلال اور حرام جاننے مین اپنے عالمون اور درویشونکو خداکے ساتھ شریک کرتے ہو اور اونکے حلال حرام بتائے ہوئے کو خداکا سا حلال حرام جانتے ہو

اور قرآن و حدیث کے خلاف ہوتے ہوئے اونکی تقلید نہین چھوڑتے ہو اور اونہین مین سے ہے جو اونہون نے ۵۱۵ صفحہ مین فرمایا ہے کہ امام کی بات اچھی اور بھی اور ٹہری بڑی ہے اون باتون سے کہ اونکا گناہ ہونا شرع سے معلوم ہوا اور جو وہ کام خلاف شرع ہو تو امام کا حکم ماننا فرض نہین رہتاہے اسوقت اللہ اور رسول کے قرآن و حدیث مین دیکھے اس وجہ سے کہ اللہ نے اس آیۃ شریفہ مین خود ارشاد فرمایا جسکا محصل یہ ہے کہ خلاف شرع مین کسیکی تابعداری نہین اور دلیل اس حدیث کے لا طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق جسکے معنی آیۃ شریفہ کے سمجھ مین سو رہا یا کو امام کا کہا ماننا جیسے غلام باندی کو میان کا اور بیوی کو خاوند کا اور بچے کو ماں باپ کا

اور سب کمزورونکو اپنے زبردستون سردار اور حاکم اور قاضی اور مفتی اور محتسب کا اسمین ہمیشا
ہوا ہے کہ خلاف شرع بات نہو ہر حالمین نہین ہان پیغمبرون کا حکم ماننا ہر حالمین شرع سے
ثابت ہے اور اونمین بے چوک ہونا مانا ہوا ہے اس لیے کہ سب پیغمبر اپنے چہوٹے حکم پہونچانے کے
سرمین ٹہرے ہین بخلاف ان پانچون فرقون کے جنکا حکم ماننا فرض ہے کہ یہہ سرے سے نہین ہے کہ بغیر
انکے بیچ مین پڑے خدا کی حکمونکو جان ہے نہ سکی تو پیغمبرون کا حکم ماننا اور اونکا دونون
الگ الگ ہین اور اونہین مین سے ہے جو سمودی نے فرمایا کہ جب کسیکو دو مفتی
کوئی مسئلہ بتاوین اور دونون کے بتانی مین جدی جدی دو باتین ہون تو پوچھنے
والی کو اختیار ہے جسپر چاہے چلے اور یہہ بہت کھلی بات ہے اور اونہین مین سے ہے جو عقد الفرید
مین ہے کہ مقلد پر تمام علما کے پیچھے چلنا فرض ہے کسیکی تعیین نہین ہے اسواسطے کہ اللہ تعالے
نے فرمایا ہے کہ اگر تم نہین جانتے ہو تو یاد والونسے پوچھہ لو اور اسمین تخصیص و تعیین
نہین ہے اور اونہین مین سے ہے جو شرنبلالی نے فرمایا اگر کسینے اپنی جیمین ٹہانی کہ ایک
مذہب پر چلونگا جیسے امام اعظم صاحب یا امام شافعی صاحب تو کیا اوسکو اوسی امام کے
پیچھے سدا لگا رہنا چاہیے جیسے اوسکو سدا اوسیکے پیچھے چلنا ضروری ہے کسی خاص مسئلہ
مین جو عمل کر چکا ہے یہانتک کہ اونہون نے فرمایا کہ کچھہ ضرور نہین ایک کے پیچھے لگا رہنا
اور یہہ بات نہایت ٹہیک ہے اسلیے کہ اوسکی کرنیسے لازم نہین ہو جاتا ہے کیونکہ لازم
وہ ہوتا ہے جسکو خدا رسول لازم بتاوے اور اللہ نے کسی پر لازم نہین کر دیا کہ اماموںمین
سے ایک آدمی کا مذہب ٹہرا لیوے جو اوس کے ساری باتین مانا کرین اور اوسکو چھوڑ دیوے
اور اوسکا لازم جاننا کوئی نذر تو نہین جو اوسکو پورا کرنا ضروری ہے اور اونہین مین سے
ہے جو درمختار کے حاشیہ طوالع الانوار مین ہے کہ ایک مذہب یا امام کے پیچھے لگا رہنے پر
شرع یا عقل کے رو سے پتا نہین لگتا اور اوسکے نہ واجب ہونیکو خوب صاف بیان کیا
ہے اماموںمین سے تو شیخ عز الاسلام نے اور بڑے عالمون مین سے عضد الدین شافعی نے

اور انہین مین سے ہی جو ابن امیر حاج نے شرح تحریر مین بیان کیا ہے کہ پہلی جگہون کے سب علما کا ایکا ہے کہ کسی حاکم اور مفتی کو حلال نہین ہے ایک امام کے نتھی ایسا لگنا کہ سوائے اوس کے اور کیکا مسئلہ بتاوے اور انہین مین سے ہی جو فرمایا ملا فروخ مکی حنفی نے قول سدید مین کہ تو جان رکھہ کہ اللہ نے کسیکو اپنے بندو نمین یہ تکلیف نہین دی اور اس پر کہہ نہین ڈالا کہ نرا حنفی یا مالکی یا شافعی یا حنبلی بنجاوے بلکہ سب پر فرض کر دیا ہے کہ جو حضرت اللہ کے پاس سے لائے ہین اوس پر ایمان لاوے اور انہین مین سے ہے جو سید یا شا نے فرمایا تحریر کی شرح مین کہ جسکے علم اور پرہیزگاری پر سبکا ایکا ہے یعنی عز الدین بن عبد السلام نے اپنے فتوی مین یہ فتوی دیا ہے کہ ان پر یہہ بات نہین ٹہری کہ جب کسی امام کی کسی بات پر چلے تو سارے مسئلو نمین اوسی امام کے پیچھے چلے اسواسطے کہ سب لوگ صحابہ کے وقت سے اسوقت تک کہ کئی مذہب پہیل پڑے ہین مختلف عالمون سے پوچھتے رہے ہین اور کسی عالم نے اس بات پر انکار نہین کیا اور انہین مین سے ہی جو عبد البر رح نے فرمایا ہے ہمکو تمام امامو نمین سے کسی سے یہ بات نہین پہونچی کہ اونہون نے اپنے ساتہیونکو حکم کیا ہو کہ ایک مذہب پر چل اور دوسرے مذہب کو صحیح مت جان بلکہ سب اماموں ہی سے منقول ہے کہ لوگون سے کہتے تہے کہ جس عالم سے چاہو پوچھو اور عمل کرو اسلئے کہ اللہ کے ہان سب امام ٹہیک رستے پر ہین اور انہین مین سے ہی جو بڑے عالم ملا محب اللہ حنفی مسلم الثبوت مین اور مولوی عبد العلی سب علمون کے دریا نے اوسکی شرح مین اور ملا حبیب اللہ قندہاری اور اکثر اصولیون نے کہا ہے کسی پر کچھہ ضرور نہین مگر اللہ رسول نے ضرور کر دیا کہ کوئی آدمی کسی امام کا مذہب اختیار کر لیوے اور اماموں کو چہوڑ کر ایک کی ساری باتین مانے اور دوسرے چہوڑ دیوے اور مسلم کی شرح مین اتنی بات اور بڑہائی ہے کہ ایک امام کے ساتہہ لگے رہنے کو جو لوگ واجب بتاتے ہین وہ نئی شرع گھڑتی ہین اور انہین مین سے ہی جو ہمارے میان اور آقا بڑے الٰہی عالم خدا کی قطب دین کے جلانیوالے حضرت سید عبد القادر جیلانی حسنی حسینی خدا اونکی روح کو روشنی دے فتوح الغیب کے چہتیسوین مقالہ ۱۲۶ صفحہ مین فرمایا ہے کہ قرآن

والسنة اماما و انظر فيهما بتامل وتدبر ولا تغتر بالقال والقيل واهوس قال الله تعالى ما آتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا كما قال الله تعالى ورهبانية ابتدعوها ما كتبناها عليهم

اور حدیث کو اپنا امام بنالے اور اونمین خوب سوچ بچار کرکے دیکھہ اور اپنی جی کے چاؤ اور
لوگون کی بات چیت مین دہوکا کہا اللہ تعالی نے فرمایا ہے جو تمکو رسول دیوے لیلو اور جس سے
منع کرے چہوڑ دو اور رسول کے خلاف مت کرو کہ اوسپر چلنا چہوڑ کر اپنی نئی نئی کام اور عبادت
نکالو جیسے اللہ تعالی نے ایک بہوک کے حق مین جو سیدہے رستے سے ڈانوا ڈول ہوگیے تہے فرمایا ہے اونہون
نے درویشی نئی نکالی تہی جسکا اوپر نہین ٹہرائی تہی پہر اللہ نے اپنے رسول کے ستہرائی بیان کی
اور اوسکو جہوٹ تہمتون سے پاک بتایا اور فرمایا کہ ہمارا رسول اپنے جی کی چاہت سے بولتا نہین
وہ تو ہماری بتائی ہوئی کہتا ہے خدا کا مطلب یہہ ہے کہ رسول جو تمکو بتاتا ہے ہمارے پاس کی
باتین ہین اور سچ جی کے چاؤ کی باتین نہین ہین تو تم اونکو ضرور مانو پہر فرمایا کہ اگر تمکو خدا کی محبت
ہے تو ہمارے رسول کے ساتہہ لگے رہو اللہ تمکو پیار کریگا سو اللہ نے بتایا کہ اللہ کی محبت اسمین ہے کہ
اوسکے حبیب کی چال کا پیرو اکرو اور اوسیکے ۲۸ صفحہ مین ہے کہ اپنی کرتوت کو قران حدیث سے پرکہو
اگر کرتوت اونمین اچہی ہون تو اونکو بہلے جان اور اگر اونمین برے ہون تو برے مان اسلیے
کہ اونکی بہلا برائی تیری چاہت سے نہو اللہ تعالی نے فرمایا ہے اپنی جانون پر بخلیوہ تمہی
سیدہے راستہ پر چلاویگی اور اونہین مین سے ہی جو خدا کے پہچانے والی شیخ عبد الحق دہلوی
نے تحصیل التعرف مین فرمایا ہے سلف کی چال یہ تہی کہ سب عالمون سے مسائل
پوچہتے تہے اور سب پاس چلے آتے تہے کسی ایک امام کے پیچہے نہین چلتے تہے اور اونمین
سے کہ سب لوگون کو چاہیے کہ قران حدیث اور اجماع پر چلین اور جو پوچہنا ہو سب عالمون سے
پوچہکر عمل کرین پہر ایک شخص کے امام ٹہرانے کی کوئی وجہ نہین اور اونہین مین سے یہ جو
امام غزالی رحمۃ اللہ نے احیاء العلوم مین فرمایا ہے کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ جسنے اوسکے آگے
پیچہے آنکہ بنائی اور اوسپر پردہ ڈالدیا ہے اسلیے اونکو ٹہیک رستہ سمجہائی نہین دیتا
ہے اور جسنے مین اور اوسکے ڈہونڈنے والی مین چار چیزین آڑ مین ایک مال اور دوسرے
دوسرے آبرو تیسرے کیسکے پیچہے لگ جانا اور چوتہی گناہ اور یہانتک کہ اونہون نے

فرمایا کہ تقلید کی آڑ اور دیوار جب اوٹھے کہ اللہ واسطے ان مذہبوں کی ہٹ دہرمی چھوڑ دی ہو اگر اوسکو
اپنے مذہب کی طرفداری دبالیوی اور اوسکے جیمین کسی دوسرے امام کی بات مانی نہ رہے تو بس وہی اوسکا
اوجہاڑ وا اور اوٹ ہو اور ہو ٹھی کہ اللہ واسطے ہم ہرگز نہیں چاہتے ہیں کہ آپ کوئی ایک مذہب کا تیا دے
اور وہ یقین میں ہے جو شامی نے پہلی جلد کی ۱۴۷ صفحہ میں فرمایا ہے کہ علما اور سیر جس بات پر سب عالموں کا
اتفاق یا اجماع ہو اور وہ نہیں چلنا چاہیے جس کو ہوا ان پڑھ چلتے ہیں تو وہی جان کہ
تقلید کے اندھیرے اور وہم کے بوجہلے میں سے نکال اور قرآن حدیث کی روشنی میں آ جا
تقلید کے مسئلہ میں اپنی کہ یہ حال بڑے جاننے والے بادشاہ کا دین ہے یعنی سب کو نصیب نہیں
اور وہ یقین میں ہے جو نواب الانوار میں ہے کہ سمجھدار عالم کا حال تو یہ ہے کہ اچھا امر کی طرفداری
چھوڑ دیوے اسلیے کہ اوسکو امام نے نہیں کہا کہ جو میں کہوں سب مانو ہو ٹھی کہ امام جانتا تھا کہ
میں چوک سے نہیں بچا ہوں اور وہ یقین میں ہے جو ابن مبارک نے فرمایا ہے لوگ جبھی
بھلائی میں رہینگے جبتک اونمین کوئی حدیث کی تلاش میں لگا رہے سو جب مسئلوں کو حدیث
کے سوا کہیں اور ڈھونڈا تو بس بگڑ ہی جاوینگے پھر اوہوں ہی نے فرمایا ہے کہ یہ بگاڑ اونکا
ہے جو مسئلوں کو اونہوں سے پوچھتے ہیں اور بغیر کسی حدیث کی کوئی کہے چلتے ہیں اور
اور وہ یقین میں ہے جو قرافی نے فرمایا کہ تمام علما کا اتفاق اور اجماع ہے کہ جو مسلمان ہوا اوسکو
اختیار ہے کہ جس عالم کے پیچھے چاہے چلے ایکن کسی کا نہیں اور وہ بھی شیخ کہا کہ صحابہ کا
اجماع ہے کہ جو شخص حضرت ابوبکر و عمر سے مسئلہ پوچھے اوسکو درست ہے کہ ابو ہریرہ اور معاذ بن جبل
یا اور کسی صحابہ سے پوچھے اور اونکا کہا مانے اور اسکا کسی عالم نے انکار کیا اور وہ یقین میں ہے جو شیخ
عز الدین نے فرمایا کہ اچنبہ در اچنبہ کی بات ہے کہ مقلد عالم اپنی امام کی ایسی پوری ڈیل پکڑان
پوچھ کر جسکا کچھ جواب نہیں پھر بھی اوسکے پیچھے چلے جاتے ہیں اور جو قرآن حدیث بتاوے
اوسکو چھوڑ دیتے ہیں اور قرآن حدیث میں طرح طرح کے دور از قیاس حیلے بہانے کرتے ہیں
تا کہ کسی ڈھب سے اپنے امام کا مذہب چھوٹ جاوے اور پھر فرمایا ہے کہ سدا لوگ پوچھ

من اتفق من العلماء من جهة تقييد مذهبه الا انكار على احد من السالكين الا ان ظهر هذه المذاهب ومتعصبها من المقلدين فان احدهم يتبع امامه مع بعد مذهبه عن الادلة مقلدا له فيما قال كانه نبي ارسل وهذا ناي عن الحق وبعد عن الصواب ما يرضى به احد من اولى الالباب ومنها قال الامام الرازي في التفسير الكبير قد شاهدت جماعة من مقلدي الفقهاء قرأت عليهم آيات كثيرة من كتاب الله في بعض المسائل وكانت مذاهبهم بخلاف تلك الآيات فلم يقبلوها ولم يلتفتوا اليها وبقوا ينظرون الي كالمتعجب يعني كيف يمكن العمل بظواهر هذه الآيات مع ان الرواية عن سلفنا وردت على خلافها ولو تاملت حق التامل لوجدت هذا الداء ساريا في عروق الاكثرين من اهل الدنيا ومنها ما قال القاضي في تفسير المظهري ...

ہے اہین سب عالموتین سے جو عالم مل گیا کسی ایکا کا ہمیشہ ونہین تھا اور کسی عالم نے کہا کہ تو
ابنی امام کی مذہب والون پاس جا یہانتک کہ یہہ بہت سی مذہب اور ابنی ابنی مذہب کے
پاسداری کرنیوالی دنیامین پہیل گئے کہ ہرایک ابنی امام کے مذہب مین ایسا چلتا ہے جیسا کہ نبی اللہ
کا پیچہا اونکے پاس آگیا ہے حالانکہ اوسکے امام کا مذہب بیچ ہے اور یہہ بات حق سے دور ہے
اور سراسر خطا ہے کوئی سمجھدار تو اسکو پسند کرتا نہین ہے اور نہ آگے سے کرے اور اونہین مین
سے ہے جو حضرت امام فخر رازی رح نے تفسیر کبیر مین فرمایا ہے کہ مینے ایک الگ مجتہد کے
مقلدون کو دیکہی اور مینے اونپر بعضی بعضی مسئلون مین جو خلاف قران کے ہین آیتین پڑہین
تو اونہون نے ایک نمانے اور مجہہ آنکہین پہاڑ پہاڑ کر جیسے کوئی اجنبی ہو دیکہنے لگی اونکی
غرض یہہ تہی کہ ان آیتون کے ظاہر پر ہم کیسے چل سکتی مین ہمارے بڑون کی نقل تو اسکی
خلاف ہے اور جو تو خوب سمجہے تو اس بیماری کو دنیا دارونکی رگ رگ مین پہیلے پایگا اور اونہین
مین سے ہے جو قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے تفسیر مظہری مین فرمایا ہے کہ جب کوئی حدیث
صحیح ضد اور منسوخ سے بچی ہوئی حضرت تک پہونچتی ہوئی کسیکو ملی اور حضرت امام اعظم رح نے
مثلاً اوسکے خلاف فرمایا ہو تو اوس حدیث کا اتباع واجب ہے اور اوس شخص کو مذہب کا
جاؤ نہ روک سکیگا اس شرط پر کہ اوس حدیث پر چارون اماموںمین سے کوئی مجتہد چلا بہی ہو
اور اگر وہ شخص حدیث پر نہ چلا تو شرک لازم آئیگا کہ اوسنے امام کی بات کو مانا اور اللہ رسول کی
کی بات جسکی تابعداری فرض ہے نہ مانی اور اونہین مین سے ہے جو کشف الغمہ کے ١١ صفحہ
مین ہے کہ رسول اللہ کی پاک شریعت سبکے واسطے ہے اور کوئی مذہب کسی مذہب سے اچہا
نہین ہے تو جو شخص مقلدون مین سے اپنے امام کی تخصیص کرے تو سمجہو کہ وہ کبیرہ گناہون
کے دروازون مین سے ایک دروازہ مین گہس پڑا اور اونہین مین سے ہے جو مولنا
محمد اسمعیل شہید ومہاجر فی سبیل اللہ رح نے تنویر العینین مین فرمایا ہے ایک شخص کی
تقلید کا واجب ہونا میری سمجہہ مین نہین آتا ہے حالانکہ حضرت صلی اللہ علیہ علی آلہ

فان وجد احد حديثا صحيحا ... عليه وسلم سالما عن المعارض ... على خلافه ... الامام الأعظم ... ومنها ... كشف الغمة صفحه ١١ ... ان الشريعة ... ليس مذهب احد ... ومنها ...

کی حدیثون کیطرف ایماندار رجوع کرسکتا ہی جو صاف صاف امام کے قول کے خلاف بتاتے ہین اور
جو حدیث ملی پر بہی امام کا قول نہ چھوڑے تو اوس شخص مین شرک کا ریل میل ہے اور نہین
مین ہے ہی جو بہجة الاسرار مین خدا کے پیارے سید حضرت عبد القادر رح کے حالات مین لکہا ہے
کہ آپ شافعی اور احمد بن حنبل کے مذہب پر فتوے دیا کرتے تہے کہ یہہ لوگ قیاس کم کرتے ہین
ظاہر ظاہر حدیث بہت برتتے ہین اور اونہین مین سے ہی جو معمولات مظہریہ مین ہے جہان
کہا ہے کہ آپ ہاتہہ سینہ کے برابر باندہتے تہے اور فرمایا کرتے تہے کہ یہہ حدیث زیر ناف کی
حدیث سے بہت بڑہکی اور قوی ہے جو کوئی پوچھے کہ اس صورت مین حنفیہ کے خلاف اور ایک
مذہب سے دوسرے مذہب مین چلا جانا لازم آتا ہے تو مین کہتا ہون کہ بموجب قول امام صاحب
کے کہ آپ نے فرمایا ہے جو حدیث مین ہو وہی میرا مذہب ہے کسی مسئلہ مین چلنے سے خلاف
مذہب نہین لازم آتا ہی بلکہ امام کی عین موافقت ہی چنانچہ آپ نے اس کے جواب مین
ایک خط نہایت عمدہ لکہا ہی جسکو شبہہ ہو وہان دیکہ لے اور اونہین مین سے ہی جو مقامات
مظہریہ مین ہے کہ لوگون نے حضرت مظہر جانجانان رح سے پوچھا کہ اہل حدیث پر چلنے اور ایک
مذہب سے دوسرے مذہب مین چلے جانیکو کیا فرماتے ہین تو آپ نے جواب [illegible]
حدیث پر چلنے کے مسئلہ مین شیخ محمد حیات مدینہ طیبہ کے محدث نے ایک رسالہ لکہا ہی اونکا خلاصہ
فارسی مین لکہا جاتا ہی اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ محمد صلعم تو کہہ دے کہ اگر تم خدا کی محبت رکہتے
تو میری چال پر چلو تمہین اللہ پیار کریگا اور حضرت نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص ایماندار
نہوگا جبتک اوسکی چاہت میرے لائے کے موافق نہو جاوے یہہ حدیث صحیح ہے کتاب المجتہدین
ابو القاسم اسمعیل بن فضل اصفہانی نے روایت کی ہے اور روضة العلما مین بیان
کیا ہے کہ امام اعظم رح صاحب نے فرمایا ہے کہ جب حدیث صحیح ہو تو وہی میرا مذہب ہے اور میرا
مسئلہ حدیث کے روبرو چھوڑ دو تو جو شخص پرکہہ حدیث کی [illegible]
اور پوری کوشش سے پہچانتا ہو اگر وہ حدیث پر چلے تو امام کے مذہب سے نہیں نکلتا ہے

اور جو حدیث جانکر حدیث پر نچلا تو اوسنے امام کا قول جو فرمایا ہے کہ حدیث ملی تو میرے مسئلہ پر
نہ چلو نہ مانا اور یہہ بات چھپی ہوئی نہین ہے کہ کسی عالم نے ساری حدیثین کبہی نہین پائین
یہ قول امام صاحب کا کہ حدیث کی سامنے میرا مسئلہ چھوڑدو صاف صاف دلیل ہے اسپر کہ سب حدیثین امام
صاحب کو نہین پہنچین بلکہ بعضی نہین ملین اور کسی نہ ملین کہ حضرت کے خلیفون جیسے لوگونکو جو حضرت
کی ہمیشہ بڑے بڑے عالم اور حضرت کے پاس رہتے تہے بعض بعض حدیثین اونہین بہی نہین ملین جو
لوگ حدیث کو جانتے ہین وہ اسبات کو خوب پہچانتے ہین اور یہہ تو سب پر کہلا ہوا ہے کہ امت محمدی کے
ہر شخص پر حضرت کی پیروی اور اونکی چال ڈھال پر چلنا فرض ہے اور اماموں میں سے کسیکے پیچہے لگا رہنا
ضرور نہین اسیتو انکو اختیار ہے کہ مجتہد دین میں سے جس جس کی چاہین چال پسند کرلین اور یہہ سمجہی کہ انکی پیروی
واجب مخیر ہے اور جو شخص یہہ کہتا ہے کہ حدیث پر چلنا امام کے مذہب سے نکال دیتا ہے وہ شخص اس
دعوے کی کوئی دلیل رکہتا ہو تو پیش کرے اور اونہین باتون میں سے ہے کہ جو حضرت مولانا شاہ عبد العزیز
رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ پہر مینے حضرت مرتضی علی رض سے عرض کیا کہ مجتہدون کے مذہبون میں آپکو
کونسا مذہب پسند ہے تو آپنے فرمایا کہ ہمین تو کوئی مذہب پسند نہین ہے یا شاید یون فرمایا کہ ہمارے رنگ ڈہنگ
پر نہین ہے اونہون نے بڑا گہٹا دیا ہے اور اونہین باتون میں سے ہے جو حضرت امام غزالی رح نے کیمیا
سعادت میں فرمایا ہے پہلے شرط اللہ کے طالب کو یہہ ہے کہ اوٹ بیچ مین کہودے تاکہ اونمین سے نہو
جنکو خداتعالے نے فرمایا ہے ہمنے اونکے آگے پیچہے دیوار اور آڑ بنادی ہے سو اونپر پردہ ڈالدیا ہے
اسلئے اونکو نہین سوجہتا ہے اور دیوارین اور آڑین چار ہین ایک تو دہن ہے دوسرے آبرو ہے
تیسرے کسیکے پیچہے لگا رہنا امام ہو یا پیر ہو اور چوتہی گناہ اور دوسرے یہانتک کہ بیان کرتے
کرتے فرمایا کہ تقلید ایسی اوٹ ہے کہ جب کسیکا مذہب اختیار کیا اور جیسا مان لیا اور کوئی مسئلہ
اجتہادی سنا اور کسیکی بات کی اوسکی جی مین سمائی نہین رہی تو اللہ کے طالب کو چاہئے کہ ان
سب کو بہول جاوے اور لا الہ الا اللہ کے معنی اپنے جی مین سوچے اور اوسپر یقین کرے اور اوس
کلمہ کا ثبوت آپ ہی مین ڈہونڈہے اور ثبوت اوسکا یہہ ہے کہ اوسکی دل مین کسیکی ایسی جگہ باقی نہ رہے

اُخدا کی سوا اوسکا حکم ملنے اور اوسکی پوجا تیری کرے کیونکہ جس شخص کی جی کا چاو بہاری آسے وہی اوسکا معبود اور خدا ہی جب یہہ بات خوب سمجہہ مین آجاتی ہے تو طالب کو چاہیے کہ اپنی کشود کا اللہ رسول کی بعد ایمین ڈھونڈے ٹٹولے کہ کسیکے اجتہاد مین پہنسے اور اونہین مین سے ہی جو حضرت مولانائے روم رح نے فرمایا ہے کہ اگر ڈہکوسلونپر دینکا مدار ہوتا تو امام فخرالدین رازی دین بہیدی ہوتا عقل کے لکڑی چلانیوالے انکا پانو لکڑیکا ہی لکڑیکا پانو بودا ہوتا ہی اور اونہین مین سی ہے جو حضرت ابوالخیر رح نے فرمایا ہے دو تین اناڑیونکی تقلید نے سو بالوگون کا نام بگاڑ دیا ہے اور اونہین مین سی ہے جو حضرت شیخ سعدی شیرازی رح نے فرمایا ہے دیکہا دیکہی ریا سیمی خدا کی رضامندی کے کام کرنے بہول ہے ٹہنڈک اوس بیٹو کو جو قرآن حدیث سی تحقیق کرکے چلی اور اونہین مین سے ہے جو مقامات مظہریہ مین فرمایا ہے آپ نے لکہا تہا کہ حضرت مجدد رح نے اپنے مکتوبون مین اونگلی اوٹہانا تشہد مین منع لکہا ہی اور تمکو اونکی مذہب کا دعوے ہی پہر کیون مخالفت کرتے ہو عاشق کو معشوق کی چال پیاری ہوتی ہے ہمارے صاحب اہل آپ ذات نہی کہ اوسکی شان سب سے بڑکر ہے قرآن حدیث پر چلنا سب بندو نپر فرض کر دیا ہی اللہ فرماتا ہی کام نہین کسی ایماندار مرد کا عورت جب ٹہرا دے اللہ اور اوسکا رسول کچہہ کام کہ اونکو رہے کچہہ اختیار اپنے کام مین اور پیمبر صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم فرماتے ہین کہ کوئی تم مین ایماندار نہوگا جبتک اوسکی جی کے چاؤ میرے لائے کے ساتہہ لگو اور حضرت مجدد رض نے جو پورے پورے نائب حضرت کی ہین اپنے طریقہ کے بنا قرآن حدیث کے چلنے پر رکہی ہی اور بہت سے عالمون نے اونگلی اوٹہانیکے مسئلہ مین رسالے لکہے ہین اور اونہین حدیثین اور فقہ حنفیہ کے روایتین بیان کی ہین یہانتک کہ حضرت مجدد رض کی چہوٹی صاحبزادہ حضرت شاہ یحیی صاحب نے بہی اس مسئلہ مین ایک رسالہ لکہا ہے اور اونگلی نہ اوٹہانے مین ایک حدیث بہی نہین ملتی ہے اور حضرت مجدد رض کا اونگلی نہ اوٹہانا اجتہاد کی رو سے ہے اور جو حدیث کا منسوخ ہونا سمجہا تو ہر وہ اجتہاد پر مقدم ہے اور اونگلی اوٹہانیکی سنت ثابت ہونیکے بعد اوسکا چہوڑ دینا اس وجہہ سے کہ حضرت مجدد رض نے نہین اوٹہائے

جہل وحماقت ہی اور اونہین مین سے ہے جو تفسیر احمدی کی ۲۷۹ صفحہ مین ہی کہ جب حدیث یا صحابی کا قول امام صاحب کو نہ پہونچا ہو تو ہم ہی ماتے ہین کہ جب حدیث یا قول صحیح ہونا ثابت ہو جاے تو اوسی پر چلنا چاہئے اور امام صاحب کی قول پر چلنا حرام ہے حدیث یا قول صحابی کی خلاف کو وجہ یہ ہی مگر اس شرط پر کہ کسی مجتہد کی رے اوس حدیث یا قول صحابی کیموافق ہو لیکن ہمارا عمل اوس پر حدیث یا قول صحابی ہی کے وجہ سے ہوگا نہ کہ قول مجتہد کی وجہ سے اور اونہین مین سے ہے جو ناظورہ کے صفحہ ۱۲ مین ابو عمر بن عبد البر فرمایا ہے کہ جس شخص کو کوئی حدیث پہنچی جبتک اوسکے پاس اوسکی تخصیص یا موقوفی کا حکم پہنچے سدا اوسی پر چلنا فرض اور ضروری ہے اور پہر اوسیکی ۹۰ صفحہ مین ہے کہ جب صحابی حدیث کی سامنے دبا ہے تو اور کوئی کس گنتی مین ہے اور پہر اوسیکے ۱۲ صفحہ مین ہے کہ عصام بن یوسف حضرت امام اعظم رح کے اون ساتہیون مین تہے جو اونکی مذہب پر چلتے تہے اور اونکی مدد پر جمتے تہے ہیچ یہ ہے کہ تبکیر ہی وہ اپنی دونو ہاتہونکو رکوع مین جاتے اور سر اوٹہانیکیوقت اوٹہاتے تہے کیونکہ اونکا عمل حدیث ابن عمر پر تہا اور اوسیکی ۱۲ صفحہ مین ہے کہ ہمارے حضرت امام شافعی رح نے فرمایا کہ سب مسلمانونکا ایکا ہو چکا ہے کہ جس شخصکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی حدیث معلوم ہو جاے اوسپر حرام ہے کہ کسیکی کہنے سے اوسی چہوڑ دے اور اونہین مین سے ہے جو مولنا شاہ عبد العزیز رح نے اپنی تفسیر فتح العزیز مین فرمایا ہی اسکو جاننا چاہئے کہ جسطرح خدا کے سوا کسی کی عبادت کرنے سدا شرک وکفر ہے کسیکا کہا ماننا اور اوسکی پیچہی لگا رہنا جہلکر لگا رہنا ہی کفر ہے اور حکم کسیکے پیچہے لگے رہنے کی یہ معنے ہین کہ اوس شخص کو اللہ کے حکمونکا سر بسر پہونچانے والا جانکر اوس کے پیچہے چلنا اپنی گلیمین ڈال لیوی اور اوسیکے پیچہے لگا رہنا ہے جہان پر ضروری سمجہی اور اللہ تعالی کے خلاف پڑا ہو اوسکی پیروی سے ہاتہ نہ اوٹہاوے یہی سوا خدا کی اورون کی پوجا ہے جسکو اللہ تعالی نے اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا من دون اللہ والمسیح ابن مریم مین بڑا بتایا ہی یعنی اونہون نے اپنے عالمون اور درویشون کو اللہ کے ورے خدا بنا لئے ہین اور مریم کے بیٹی حضرت عیسیٰ کو اونکے سوا اور بزرگون کے قول

بہت ہین اور عقلی دلیلون سے ایک تو یہہ ہے کہ مسئلہ ایک امام یا مذہب کی لکیر پر فقیر رہنا شریعت
محمدی مین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم جہوٹی اور نکمّی بات ہے اسواسطے کہ یہہ خلاف اجماع ہے اور جو
بات صحابہ اور ائمہ مجتہدین اور بزرگان دین کے اجماع کے خلاف ہو وہ بات جہوٹی اور نکمی ہے
تو ایک کی لکیر پر فقیر ہونا بہی جہوٹا اور نکمّا ہے پہلی بات کا ثبوت یعنی اجماع کے خلاف ہونا اسواسطے
ہے کہ جس بات پر سبکا اتفاق ہے یعنی مجتہد کبہی چوکتا ہے اور کبہی ٹہیک کہتا ہے ایک کی بات پر ڈٹ جانا
اس قول کے ضد ہے کیونکہ یہہ قول صاف بتاتا ہے کہ مجتہد کے بعضے مسئلے غلط ہو جاوینگے سب ہرگز نہین لیے
جاوینگے اسواسطے کہ مجتہد کی چوک پر چلنا حرام ہے کیسے حرام نہوگا کہ ہم ہمارے پیغمبر صلے نے جو کچھہ فرمایا،
کہ سوا اللہ رسول کے شرع بتانے ہین کسیکی بات مانو اور دوسری بات یعنی اجماع کی خلاف ہو
وہ نکمّی بات ہے صاف اور کہلی ہے کچہہ ثابت کرنیکی حاجت نہین اور دوسری عقلی دلیل یہہ ہے کہ مجتہد
کے اجتہادی مسائل مین چوک کا دہوکا پڑتا ہے اور جس مسئلہ مین چوک کا دہوکا ہے سینہ ٹہوک کر
نہین لئی جاتے اسلئے کہ جب دہوکا آیا ٹہیک ٹہیک بات کا پتا لگایا گیا گذرا ہوا اور تیسری
دلیل عقلی یہہ ہے کہ آپ بتائی شریعت محمدی بہ نسبت ان چارون مذہبون کے انکے نزدیک
کیا ہے کل کہتے ہو یا کلی بتاتے ہو اور دونو صورتون مین تعین مذہب یا تخصیص امام کی گذری
اسلئے کہ اگر شریعت کو کل بتاؤگی تو یہہ چارون مذہب اوسکی جزؤ ہونگے جیسے چارپائی کے چارون
اور ہی ہین تو اب تم ہی کہدو کہ ایک پائے یا ایک پٹی کی چارپائی کیسے بن جاویگی تو ایسی ہی ایک
مذہب یا ایک امام کی برتنے سے پوری شریعت محمدیکا برتاوا کیسے ہو جاویگا تو تعین ضرور نہین ہے
اور اگر تم کہو کہ شریعت محمدی بہ نسبت ان چارون مذہبون کے کلی ہے تو خواہ مخواہ نوع ہی ہوگی
کہ مطلق شریعت جنس ہے اور شریعت عیسوی اور موسوی اور محمدی اوسکے انواع مین اور جب
نوع ٹہری تو بات بگڑی کیونکہ نوع کی افراد و اشخاص تو سب ایک حقیقت کے ہوتے ہین اور یہان
ضدم ضدا ہے اور ایک دوسرے کے خلاف ہے ایک ہی مسئلہ ایک امام کے نزدیک حلال ہے اور
وہی خاص مسئلہ دوسرے کے ہان حرام ہے تو شریعت محمدی نوع نہ ٹہری اور تعین گئی گذری

واما العقلية فمنها ان وجه التعيين باطل لانه خلاف الاجماع وكلما كان كذلك فهو باطل اما الكبرى فظاهر واما الصغرى فلانه مضاد للقول المجمع عليه وهو ان المجتهد يخطئ ويصيب اذ هذا صريح في ان بعض اقوال المجتهد غلط لا يعمل به فان اخذ المخطي حرام بنص حديث المعصوم صلى الله عليه وسلم ان لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق واما الكبرى فبين ومنها ان اقوال المجتهد تحتمل الخطاء والمحتمل لا يوخذ لانه اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال ومنها ان الشريعة المحمدية على صاحبها الف الف تحية وسلام بالنسبة الى المذاهب الاربعة اما كل او كلي مثلا وفي كلا التقديرين يلزم المطلوب لانها ان كانت كلا يلزم عدم التعيين البتة وان كانت كليا يلزم اجتماع المتضادات

کل ہی رہے اور اوسکا حال تو تمہین معلوم ہوہی چکا تو بس کل ہونیکی صورتمین تعیین کیسی ہین
تو وہی ایک پایکی چارپائی ہوجاویگی اور جو تہی یہہ ہے کہ ہم شکل اول بناتے ہین جو تمہاری
ہان اوسکا نتیجہ ایسا صاف ہوتا ہے جیسی ایک چیز آنکہون سی دیکہہ لی پہر اگر کوئی انکار کرے تو
لوگ اوسکو سڑی بتلائین وہ یہہ ہے کہ تعیین مسائل حق حق ثابت ہوچکی ہین وہ سب شریعت محمدی
اور جو شریعت محمدی مین اونپر چلنا سبکو فرض ہے تو اس سے یہہ بات نکلی کہ سارے مسائل جو حق حق ثابت ہوچکے
اونپر چلنا فرض ہے اور پانچوین یہہ ہے کہ آپ کہیے کہ مجتہدسی کسی مسئلہ مین چوک ہوتی ہے یا نہین اگر ہوتی ہے
تعیین گئی گذری ہوئی اور اگر نہین ہوتی تو اجتہاد ہی نہین کیونکہ اجتہاد کی بھول چوک تو ساتہ لگی ہوئی
ہے اور چھٹے یہہ ہے کہ ایک مذہب پوری شریعت محمدی بتاتے ہو یا نہین بتاتے اگر بتاؤ تو پوری شریعت ہے تو فرق
کہ یہہ جو اجماع ہے کہ حق چارو نہین ہے وہ کہان گیا اور اگر کہتے ہو کہ پوری شریعت تو نہین تو تعیین کیسے
کیونکہ مسلمان سے کسی شریعت کا اقرار اور کسیکا انکار نہین ہوسکتا ہے اور ساتوین یہ ہے کہ تعیین بعد حضرت کے
چوتھی جگہ مین نکلی ہے اور ایسی چیز کو دین سمجہنا بڑی بدعت ہے تو تعیین بدعت ہے اور آٹھوین یہ ہے کہ
آپ فرمایئے حنفیونکا اقتدا شافعیونکے ساتہہ یا بالعکس درست ہے یا نہین اگر درست فرماتے ہو تو تعیین کہان گئی اور جو
درست نہین فرماتے ہو تو خلاف اجماع ہے اور نوین یہ ہے کہ تعیین باطل اور جہوٹی ہوتی تو کچھہ خرابی نہ پڑتی
لیکن تعیین سے خرابی پڑگئی کیونکہ وہ یہہ چاہتی ہے کہ وہ امام معصوم اور بی چوک ہے تو تعیین باطل ہوئی
اسلئے کہ جس سے اعتقاد بگڑا وہ بڑی چیز ہے پہلی بات یون ثابت ہوتی ہے کہ نبیونکی سوا اور ونکو بی چوک
جاننا پڑتا ہے اور پہلی بات کا ثابت کرنا کچھہ ضروری نہین سب جانتے ہین کہ سوا نبیونکی اور ونکو بی چوک
جاننا کفر ہے اور دسوین یہہ ہے کہ سب مومنین آپ حق کو برابر جانتے ہین یا نہین جانتے اگر کہیے سب برابر
حق ہے تو تعیین کیسی اور اگر فرمائیے کہ سب یکسی حق نہین تو خلاف اجماع ہے اور اجماع کی خلاف اعتقاد
کرنا کفر ٹہر چکا ہے اور گیارہوین یہہ ہے کہ تعیین کو واجب بتانا ضرور شرک ہے اللہ کے ساتہہ یا رسول کے ساتہہ
اسلئے کہ تعیین مین تو جو نکتے تون وہی بات ہے جسکی خدا نے برائی بیان کی ہے یہود کے کرتوتونکو
کہ اونہون نے اپنی عالمون اور درویشونکو خدا کو چہوڑ خدا بنا لیا اور جو ویسی ہو وہ شرک ہے تو تعیین بہی

شرک ہی کیونکہ اسمین یہی تو ہوتا ہی کہ سوا اللہ کے کسی کی بڑائی کی اور جو کہ بڑی جو کام سب چھپے جاتے ہی
جب اوسکو فرض بتا چکی تو کیسے نہ چھپلین اور بارہوین یہ ہے کہ تقلید کرنیکو واجب بتانا دہٹائی ہی کہ اللہ حرام
بتائی بات پر اور اللہ کے حرام بتائی پر اڑنا اور دہٹائی حرام ہی تو تقلید بھی حرام ہے اسلئے کہ گناہ کو حلال
بتانا یہ جب واجب کہنا کفر ہے تو تقلید بھی ایسی ہی ہی اور تیرہوین یہ ہے کہ تقلید تو پھوٹ ہی اور پھوٹ
اور تفرقہ ہونیکو خدا نے منع فرمایا ہی اللہ کی رسیکو سب ملکے اکٹھے ہو کر مضبوط پکڑو اور تتر بتر مت ہو سو تقلید
بھی ایسی ہی ہی اور چودہوین یہ ہے کہ تقلید مین رحمت سے بہاگنا پڑتا ہی کیونکہ اسپر اجماع ہو چکا ہے کہ
علما کا اختلاف امت محمدیکو رحمت الہی اور آرام اور چین ہی اور رحمت سے بہاگنا تو آپ جانتے ہین کیسا ہے ایماندار
خدا کی رحمت ڈہونڈتے ہین اور تقلید مین ٹکرا دیکے بہاگنا پڑتا ہی اور پندرہوین یہ ہے کہ بعد اسکے کہ
حدیث شریف کی کتابین جمع ہو چکے ہرگز نہین ہو سکتا ہی کہ کوئی مذہب خاص ان چارون مین سی پوری
پوری شریعت محمدی ہو جسپر چلنا سب مسلمانون پر فرض ہو اسلئے کہ اسمین یہ خرابی ہے کہ اوس مذہب کے سوا
جو تینون مذہب رہ گئے ہین چاہیے وہ اگلے ہون چاہے پچھلے ہون عالم ہون یا نیک یا بڑی بڑی اولیا اللہ
ہون سبکو یہی کہنا پڑیگا کہ وہ شریعت پر نہ چلے کیونکہ شریعت تو نرا اک مذہب ٹھہر چکا ہے اور جب وہ
شریعت محمدی پر نہین چلے تو اب فرمائیے کہ وہ مسلمان تھے یا نہین مسلمان تو کسطرح کہسکو گی کہ اونہون نے
شریعت محمدی سے کچھ نہین تو نعوذ باللہ کافر ٹہرے اور یہہ خرابی تقلید سے پیدا ہوئی تو باطل ٹھہری اور
یہہ بھی نہین ہو سکتا ہی کہ ہمین تو معلوم نہین کہ کونسا شریعت محمدی ہے پر ان چارون مین سے
کوئی نہ کوئی ایک شریعت ہی تو اسمین یہ خرابی ہے کہ سبکے سب کی کرائی گئی گذری ہوئی
جاتی ہے کیونکہ جب معلوم ہی نہین کہ حق کونسا ہے تو عمل مین کیا ڈہول اڑائینگی اسلئے کہ نیک کام
کرنا جب ہوتا ہے کہ معلوم ہو کہ یہ کام شریعت کا اچھا ہے اور فلانا کام برا ہے اور یہہ تو معلوم
ہے نہین تو کرنی کی طرف سے خیر صلا ہوئی اور نہ یون کہ سکتے کہ دو دو باتین خاص شریعت محمدی
مین کیونکہ اون دو کے سوا جو دو اور رہ گئے ہین اونکو آپ ویسا ہی بتا چکی جیسے ایک کے سوا اون تینوں کو
کہہ چکے اور نہ یون کہہ سکتی ہین کہ ان چارون مین سے دو کو یا تین کو کوئی شریعت محمدی کہے

التعيين انما هو اصلاح الله تعالى على ما منعه الله على المنع ... بل ... المعصية ... فكيف يجوز ... النفي ... تعالى ... جميعا ولا تفرقوا ... ومنها انه يحرم من الرحمة والفرار من الرحمة بعد اجماع الامة ... ان الاختلاف رحمة ... ومنها انه بعد تدوين كتب الحديث لا يجوز ان يكون مذهب واحد بعينه من المذاهب الاربعة متابعة واجبة الاتباع محمدية كاملة بعد المذاهب الثلاثة للزوم استحالة القول بعدم اهتداء كل من تابعي ومتبوعي مذاهب و الباقية من العلماء والصلحاء والاولياء ولا الاربعة للزوم استحالة القول بعدم اهتداء اجمعين من العالمين واجلة

الكاملين والاتقياء العلم بحقيقة العمل بل تقليد المحققين وهو ... اذ العمل بالشيء فرع العلم بحقيقته ولا ... اثنين بعينهما ولا الكل ... او ثلاثة ثلاثة بعينها ولا ... ولا ان يكون كل واحد من المذاهب الاربعة شريعة محمدية مستقلة كاملة

کیونکہ حق معلوم نہین تو کریا کرم ہوچکا اور نہ یون کہہ سکتی ہین کہ چارون جدے جدے پوری شریعت محمدی مین ہین اسلئے کہ چارون آپسمین ایک دوسرے کے مخالف مین کہ کسطرح کے راہ نہ نیکی نہ بدی ایک امام ایک چیز کو حرام بتاتا ہے دوسرا اوسی چیز کو حلال بتاتا ہے تو جب یہی شریعت محمدی ٹہرا اور وہ بہی شریعت محمدی ٹہرا تو نعوذ باللہ شریعت کیا ہوئی کہیل تماشا ہوا اور جب یہ سب صورتین نکمی اور جہوٹی ٹہر چکین تو ایک صورت یہ باقی رہی ہے کہ چارون کو ملا جلا کر سبکے حق حق مسئلے جو قرآن حدیث کیموافق ہون شریعت محمدی مین اونکو لیوین اور اونپر عمل کرین تو تقلید کا جوا ترک کیا گذرا ہوا اور جب بتانا تو نہایت بودا اور بکریکا جالا ہے اوسکا تانا ہی نہین لگتا اور جو ہمارا مطلب قرآن حدیث اور اجماع اولین و آخرین کیموافق تہا ثابت ہو گیا اور اس بات کو ہمنی یقیناً جانلی اور بلکہ ٹہیک ٹہیک خدا کی دکہائی چیز کیطرح پہچان لی آپ فرد سوچیگا اور بنا و کبہی اور حق بات مانئی کیونکہ حق پر تو ضرور ہی چلنا چاہیئے کیونکہ جب مجموع چارون کا شریعت محمدی ٹہر چکا اور یہ سب عالم لوگ اور جاہل لوگ جانتے ہین سٹرونکا ذکر نہین کہ کوئی کل کیون نہو وہ کل جب ہی ٹہر گیا کہ اوسکی سارے اجزا ہی اکٹھے ہون تو جو لوگ تعیین کو واجب بتاتے ہین بڑی نامراد ہین اور اللہ رسول کے توٹہی ہی مین جا پڑے ہین اور کہو گئی جنکو شیطان نے بہکا لیا ہو گئے تو کہلی اور بڑی ہوئی بات ہے کہ جب ایک جز شریعت پر چلنا واجب ٹہرا دیا تو اونہون نے اور تین کے اوپر چلنا حرام کر دیا کیونکہ کسی پر واجب کہے تو اوسکی یہ معنی ہین کہ اسکی ضد و نقیض کو مرتبا حرام ہے مثلاً جب ہم یہ کہین کہ نماز پڑہنا واجب ہے تو اسکی یہی معنی ہین کہ نہ پڑہنا نماز کا حرام ہے پہر جب کہا کہ ایک چیز پر چلنا واجب ہے تو یہی مطلب ٹہریگا کہ اور تینو پر چلنا حرام ہے اسلئے کہ جب ایک چیز حق ہے تو دوسرے اوسکی ضد ناحق ہی ہوگی اور جب ایک چیز حرام ٹہری تو اسکی ضد حلال ہی ہوگی اور یہی حق ہے یاد رکہیئے نہ لگی یہ اکو اللہ گمراہی بہکا دیگا اللہ تعالے نے فرمایا تو نی اوسکو دیکہا جسنے اپنی جیکی چاو کو اپنا معبود بنا لیا ہے اور اللہ نے فرمایا کہ اون لوگونکی کہاوت جنکو توراۃ دی گئی پہر وہ اوسپر نچلی گدہی کیسی ہے جسپر بہت سی کتابین لدی ہون وہ بہت برے لوگ ہین جنہوں نے خدا کی آیتونکو نہ مانا اور اللہ ظالمونکو

فستذکرون ما اقول لکم وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد وما علینا الا البلاغ المبین واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم وطریق متین واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ الطیبین الطاہرین اجمعین آمین آمین

راہ بہلین لگاتا ہی انکی یاد کرو گے جو میں تم سے کہتا ہون اور میں اپنا کام خدا کو سونپتا ہون وہ اپنے سب بندون کو دیکھتا ہی اور ہمارا ذمہ تو کہلا کہلا پہونچا دینا ہی ہے اور اللہ جسکو چاہے سیدی ڈگر لگا دی اور انکو رستے پر چلا دی اور پچھلی پکار میری یہہ ہے کہ سب خوبیان جہان کے پالنے والے کو زیبا ہین اور پوری پوری رحمت اور سلام کا اوتار حضرت پیغمبر صاحب پر ہو جو سب پیغمبرون کے اگوا ہین اور انکی اہلبیت پر اور ساری دنیا ساتہیون اور تمام دیندار امامون پر جو ٹہیک رستے پر لگی ہوئے تہے سبکے سب پر اے اللہ پسند کرے ای اللہ لے ای اللہ یون ہی ہو

تمام شد

الحق لا یتجاوز عما فی ہذہ الرسالہ فماذا بعد الحق الا الضلال واللہ اعلم بالصواب [illegible] والیہ المرجع والمآب

محمد نذیر حسین

محمد عبد الحلیم

محمد یعقوب [illegible]

ہذہ الرسالۃ صحیحۃ محمد عبید [illegible]

محمد عبد الحمید

[illegible] شرف الدین [illegible]

سید احمد حسن

عبد الحمید

ہذہ الرسالۃ صحیحۃ

محمد عبد الرحمن خان محمدی [illegible]

ہذا ہو الحق الصریح وخلافہ حرام قبیح

بہ طفیل نبی الہی بخش

لا دلیل علی التقلید الشخصی من العقل و النقل بل انما ہو عند العلم بالدلیل الشرعی فی الرسالۃ

حافظ احمد حسین

محمد حمید علی

ماشاء اللہ جزاہ کیا خوب تحریر دلپذیر و تقریر بے نظیر ہے کہ ہر صغیر و کبیر کو سمجھنے کے لائق ہے

محمد [illegible] ہذا ہو الحق فماذا بعد الحق الا الضلال

حسبنا اللہ حفیظ اللہ

محمد ابو الحسن عفا اللہ عنہ مرشد آبادی —

محمد ضیاء الدین توفیقی محمد عبد العظیم آبادی بہاری — اصاب المولوی [illegible]

الحق فیما کتبہ ولی محمد ساکن ضلع ہوشیارپور — ہذا الکتاب مصیب الحق [illegible]

محمد اسحاق عفا اللہ عنہ ساکن ضلع ہزارہ — ہذا الکتاب لا ریب فیہ [illegible]

وقد جاء الحق وزہق الباطل ان الباطل کان زہوقا محمد اسحاق عفی عنہ

اس رسالہ میں فقط اتنی تعلیمیں کرادی گئیں ہیں وما علینا الا البلاغ المبین ۱۲ عبد الغفور

لا یخفی ما فیہ من الحق فی ہذا الکتاب عند اولی الالباب محمد عبد الصمد حفظہ اللہ الاحد ملطفہ المؤید
قد سمعت ہذہ الرسالۃ من اولہا الی آخرہا فوجدتہا صحیحۃ من الدلائل والبراہین واللہ اعلم
بالصواب والیہ المرجع والمآب محمد خدا بخش محمد وزیر ضلع اعظم گڈھی - الجواب صحیح
محمد صدیق —

الحمد للہ اطلعت علی ما حررہ مولف ہذہ الرسالۃ المفیدۃ وما اورد فیہا من الدلائل و البراہین
السدیدۃ فرایتہ قد افاد واجاد وارشد الخلق العباد الی السداد واللہ ولی الرشاد
حررہ بقلمہ عجلاً واملاہ بفمہ خجلاً العبد المسکین **زین العابدین** قاضی حال بلدہ
بہوپال اصلح اللہ الاعمال — نعم اذا کان تعلیق المذہب بحیث لا یترک قول الامام
ثبوت الحدیث فہذا التقلید باطل لا شک فی بطلانہ فان اطاعۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
آلہ وسلم واجبۃ فی جمیع الاحکام **عبد العزیز** بن غلام احمد لکھنوی غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ
بعد الحمد لاہلہ والصلوۃ علی اہلہا ان اللہ امرنا باتباعہ واتباع رسولہ وما کلفنا ان نتخذ
من دون اللہ اربابا واحبارا کالنور ادر سابا — وارشدنا عند الجہل عن الادلۃ ان نسأل
اہل الذکر ان کنا لم نعلم وقد بین المولف شکر اللہ تعالی سعیہ ہذا الحق الصریح واظہر ما ہو التحقیق
جزاہ اللہ احسن الجزاء فی الدین والدنیا - آمین یا رب العالمین **نور الدین** عفا اللہ
متوطن بہیرہ پنجاب —

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین اما بعد ارباب
دانش پر مخفی نہ رہے کہ یہ رسالہ مفید خواص وعام مسمی برد التقلید بالکتاب المجید تیرہ مہر